پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

30/11/2021

ریاستی حکومت مویشی کے تحفظ اور فروغ کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے

لکھنؤ: 30 نومبر 2021

اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ کے ذریعہ مویشی تحفظ اور آوارہ مویشی کو تحفظ دینے کی ہدایت کے ضمن میں پرنسپل سکریٹری مویشی پروری جناب سدھیر گرگ کے ذریعہ ریاست کے تمام اضلاع کو آوارہ مویشی کو تحفظ دینے، بھوسا چارا مہیا کرانے، پینے کے صاف پانی کے ساتھ بیمار مویشی کا علاج بندوبست یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

پرنسپل سکریٹری کے ذریعہ دی گئی ہدایتوں کے ضمن میں آج ضلع میرٹھ کے چیف مویشی افسر ڈاکٹر انل کنسل کے ذریعہ مقامی مویشی پناہ گاہ بھولا، ترقیاتی بلاک رجپورا کا معائنہ کیا گیا۔ معائنہ کے دوران گائے پناہ پر 53 مویشی صحت یاب پائے گئے۔ گائے پانہ گاہ پر تین مادہ مویشی حاملہ پائی گئیں۔

☆☆☆☆☆